روزنامہ

الفضل

ٹیلیفون نمبر 047-6213029 FD-10

ایڈیٹر: عبدالسمیع خان

Web: http://www.alfazl.org
Email: editor@alfazl.org

ہفتہ 18/اپریل 2009ء 21 ربیع الثانی 1430 ہجری 18 شہادت 1388 ہش جلد 59-94 نمبر 85

ارشادات عالیہ حضرت بانی سلسلہ احمدیہ

.... کفار کہتے ہیں کہ یہ قرآن مکہ اور طائف کے بڑے بڑے مالداروں اور رئیسوں میں سے کسی بھاری رئیس اور دولت مند پر کیوں نازل نہ ہوا۔ تا اس کی رئیسانہ شان کے شایان ہوتا اور نیز اس کے رعب اور سیاست اور مال خرچ کرنے سے جلد تر دین پھیل جاتا۔ ایک غریب آدمی جس کے پاس دنیا کی جائداد میں سے کچھ بھی نہیں۔ کیوں اس عہدے سے ممتاز کیا گیا (پھر آگے بطور جواب فرمایا) ....کیا قسام ازل کی رحمتوں کا تقسیم کرنا ان کا اختیار ہے۔ یعنی خداوند حکیم مطلق کا فعل ہے کہ بعضوں کی استعدادیں اور ہمتیں پست رکھیں اور وہ زخارف دنیا میں پھنسے رہے اور رئیس اور امیر اور دولتمند کہلانے پر پھولتے رہے اور اصل مقصود کو بھول گئے اور بعض کو فضائل روحانیّت اور کمالات قدسیّہ عنایت فرمائے اور وہ اس محبوبِ حقیقی کی محبت میں محو ہو کر مقرب بن گئے اور مقبولانِ حضرت احدیّت ہو گئے۔

(براہین احمدیہ ۔ روحانی خزائن جلد 1 ص 204)

ہر یک وحی نبیٔ منزّل علیہ کی فطرت کے موافق نازل ہوتی ہے۔ جیسے حضرت موسیٰ علیہ السلام کے مزاج میں جلال اور غضب تھا۔ توریت بھی موسوی فطرت کے موافق ایک جلالی شریعت نازل ہوئی۔ حضرت مسیح علیہ السلام کے مزاج میں حلم اور نرمی تھی۔ سو انجیل کی تعلیم بھی حلیم اور نرمی پر مشتمل ہے۔ مگر آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کا مزاج بغایت درجہ وضع استقامت پر واقعہ تھا نہ ہر جگہ حلم پسند تھا اور نہ ہر مقام غضب مرغوب خاطر تھا۔ بلکہ حکیمانہ طور پر رعایت محل اور موقعہ کی ملحوظ طبیعت مبارک تھی۔ سو قرآن شریف بھی اسی طرزِ موزون و معتدل پر نازل ہوا کہ جامعِ شدّت و رحمت و ہیبت و شفقت و نرمی و درشتی ہے۔

(براہین احمدیہ ،روحانی خزائن جلد 1 ص 193)

محفوظ متن

مستشرق Dr. Maurice Bucaille لکھتے ہیں۔

جن لوگوں کو حضرت ابوبکرؓ نے جمع قرآن کا حکم دیا تھا یہ زائد فائدہ بھی حاصل تھا کہ وہ (متن) ان لوگوں سے چیک کروالیا جاتا تھا جنہوں نے وحی کے نزول کے وقت ہی اسے حفظ کرلیا تھا اور بار بار اس کی تلاوت کرتے رہتے تھے۔ اس وقت سے ہم جانتے ہیں کہ قرآن کریم کا متن بلاشبہ محفوظ ہے اور اس کے استناد پر کوئی سوال نہیں اٹھتا۔

The bible The Qura'n and Sceience (Translation from French by Alastair D.) (Pannel and the Ahthor) Under Heading Conclusions Pg 250-251

بدی کی طرف جھکاؤ نہ ہو

حضرت خلیفۃ المسیح الرابع فرماتے ہیں:۔

''جماعت میں دراصل لجنہ میں اس مضمون پر بھی ایک سوچ اور فکر کے حلقے قائم ہونے چاہئیں کہ خوشی کے اظہار کے ایسے طریق بھی تو سوچے جائیں اور بنائے جائیں جو صاف ستھرے اور پاک ہوں اور مجلس عزاء اور مجلس شادی میں فرق نمایاں دکھائی دینے لگے۔ صرف راہیں بند کرنا تو کافی نہیں۔ بہتر، اچھی اور صحت مند راہیں تجویز کرنا بھی ضروری ہے جس سے طبیعتوں پر اچھا اثر پڑے اور محفلیں یادگار بنیں۔ لیکن بدی کی طرف جھکاؤ کے بغیر تاکہ بوریت کی بجائے فرحت پیدا ہو اور دیکھنے والے بھی گہرے نیک تأثر لے کر لوٹیں۔ جماعت نقالی کرنے والی نہ ہو بلکہ جماعت کی نقالی کی جانے لگے۔'' (رپورٹ شوریٰ 1990ء)

(نظارت اصلاح وارشاد مرکزیہ)

مقابلہ حفظ قرآن

۞ مجلس خدام الاحمدیہ مقامی ربوہ مقابلہ حفظ قرآن منعقد کروا رہی ہے۔

(1) دوران سال ہر ماہ ہر محلّہ کے لئے مقررہ پارہ میں سے دو رکوع کا ٹیسٹ ہوگا۔ اس طرح اکتوبر تک ایک پارہ حفظ ہو جائے گا۔

(2) یہ مقابلہ ہر ماہ کی 11 تاریخ کو بیت بلال میں بعد نماز مغرب منعقد ہوگا۔

(3) اول آنے والے کو -/1000 روپے دوم کو -/750 روپے اور سوم آنے والے کو -/500 روپے کا انعام مع سند خوشنودی دیا جائے گا۔ اگلی دس پوزیشنوں کو بھی انعام اور سند خوشنودی عطا کی جائے گی۔

(4) مقابلہ کے دو معیار، معیار عام اور معیار خاص ہوں گے۔ اس طرح سے انعامات کی تعداد 26 ہوگی۔

(5) مقابلے میں شامل ہونے والے ہر فرد کو پارہ حفظ کرنے پر سند شرکت عطا کی جائے گی۔

(6) پارہ حفظ کرنے والوں کے اسماء حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز کی خدمت میں بغرض دعا ارسال خدمت کئے جائیں گے۔

(7) جو خدام پہلے حصہ نہیں لے سکے وہ اس مقابلہ میں اب بھی شامل ہو سکتے ہیں۔

(ایڈیشنل ناظم تربیت مجلس خدام الاحمدیہ مقامی ربوہ)

تبصرہ

ذکر آلاء اللہ

نام کتاب: ذکر آلاء اللہ
مصنف: بشیر احمد قمر (شاہد)
ضخامت: 64 صفحات

مکرم مولانا بشیر احمد قمر صاحب مرحوم ابن مکرم عبدالکریم صاحب سلسلہ احمدیہ کے دیرینہ خادم، واقف زندگی اور درویش صفت انسان تھے۔ آپ یکم مئی 1934ء کو چارکوٹ تحصیل راجوری ریاست جموں میں پیدا ہوئے۔ ذکر آلاء اللہ کے نام سے ان کا خودنوشت حالات و واقعات پر مشتمل ایک مجموعہ کتابی شکل میں شائع ہو کر منظر عام پر آ چکا ہے۔ کتاب کے نام کے مطابق خدا تعالیٰ کی طرف سے اپنے پر ہونے والے اَن گنت احسانات کا مصنف نے نہایت خوش اسلوبی سے تذکرہ کیا ہے۔ اور اس مناسبت سے کتاب کے ٹائٹل پر حضرت مسیح موعود کے فارسی منظوم کلام میں سے دو اشعار درج ہیں۔ جبکہ کتاب کی پشت پر مصنف کی یادگاری تصویر کے ساتھ ان کے کارہائے نمایاں کا تاریخ وائز ذکر اور وفات کے موقع پر ایک خطبہ جمعہ میں ان کی دینی خدمات، اخلاق و اعلیٰ کردار پر مشتمل حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ کا ایک اقتباس بھی پیش کیا گیا ہے۔

کتاب کے آغاز میں آباؤ اجداد کا حضرت مسیح موعود کے ہاتھ پر بیعت کرنا اور قبول احمدیت کے حوالے سے ابتدائی خاندانی حالات کا بیان ہے اور پھر والدین کی تربیت کے انداز اور اپنے ساتھ محبت وشفقت کی یادوں کو خوبصورت گلدستہ کی صورت میں پیش کیا گیا ہے۔

کتاب کے مطالعہ سے پتہ چلتا ہے کہ محترم مولانا موصوف کی زوجہ محترمہ امتہ الحفیظ قمر صاحبہ مرحومہ نے اپنے واقف زندگی خاوند کے وقف کے تقاضوں کو ملحوظ رکھتے ہوئے پوری طرح ان کا ساتھ دیا اور جدائی کا وقت نہایت صبر وشکر، کفایت شعاری اور قناعت پسندی کے ساتھ گزارا اور ساری زندگی خدا تعالیٰ کی رضا پر راضی رہیں۔ سادگی میں رہتے ہوئے نہایت عمدہ رنگ میں اولاد کی تربیت کی۔ باپ کے نقش قدم پر چلتے ہوئے بچوں کو بھی خدمات سلسلہ کی توفیق مل رہی ہے۔ ان اوصاف حمیدہ کے حوالے سے کتاب میں مذکور ان کے نمونے اور مثالیں احمدی خواتین کے لئے قابل تقلید ہیں۔

زیر تبصرہ کتاب میں پاکستان کی مختلف جماعتوں میں آپ کی تقرری اور دوران خدمت میدان عمل میں پیش آنے والے مختلف حالات و واقعات کا تذکرہ بھی کیا گیا ہے۔ ایک ایمان افروز واقعہ کا ذکر کرتے ہوئے مولانا موصوف رقمطراز ہیں کہ۔

1974ء کے پُرآشوب حالات میں دورہ کے دوران جماعت احمدیہ پیرو ضلع جھنگ کی ایک بزرگ خاتون نے جو کہ اپنے نوجوان بیٹے کا جماعت سے علیحدگی کے اعلان کی وجہ سے اس کی اس کمزوری پر بہت پریشان اور غمزدہ تھیں، مجھے بتایا کہ پریشانی کے اس عالم میں میں نے ایک خواب دیکھی ہے کہ لوگ ایک پودا لگا رہے ہیں اور وہ پودا دیکھتے دیکھتے بہت بڑا درخت بن گیا اور لوگ کہتے ہیں کہ اس درخت کا نام ''احمدیہ درخت ہے'' اس خواب کو سن کر مجھے اس بزرگ خاتون کو سمجھانے اور تسلی دینے کا ایک مضمون مل گیا۔ میں نے کہا کہ دیکھیں پھلدار درخت لگائے جاتے ہیں۔ ان میں سے بعض سوکھ بھی جاتے ہیں بعض قائم رہتے ہیں۔ جب پھل دینے کی عمر کو پہنچتے ہیں تو ان میں سے اکثر پر پھول لگتے ہیں لیکن سب پھول، پھل نہیں بنتے۔ جو پھل بنتے ہیں وہ سب پکتے نہیں بلکہ بعض آندھی اور طوفان اور بعض دفعہ معمولی صدمہ سے گر جاتے ہیں۔ بہت تھوڑا پھل پک کر کھانے کے قابل ہوتا ہے لیکن مالک اس درخت کی حفاظت کرتا ہے۔ آپ کو اس خواب کے ذریعہ یہ خوشخبری سنائی گئی اور ایک حقیقت بتائی گئی ہے کہ احمدیت کا پودا خدا کا لگایا ہوا ہے اور یہ بڑھے گا، پھلے اور پھولے گا اور ساری دنیا میں اس کی شاخیں پھیل جائیں گی لیکن جو علیحدہ ہونے والے ہیں وہ ان کی اپنی کمزوری اور بدقسمتی ہے۔ حضرت مسیح موعود نے اپنے آپ کو ایک درخت قرار دیا ہے۔ قرآن کریم میں سورۃ السجدۃ میں اللہ تعالیٰ مومنوں کی صفات بیان کرتے ہوئے فرماتا ہے کہ جو لوگ خدا تعالیٰ پر ایمان لا کر اس دعویٰ بیعت پر قائم رہتے ہیں تو خوف کے مواقع پر ان پر فرشتے اترتے ہیں اور تسلیاں دیتے ہیں کہ تم ڈرو نہیں اور غم نہ کرو اور ان کو بشارتیں دیتے ہیں۔ اللہ تعالیٰ نے آپ کی استقامت پر آپ کو اپنے اس انعام سے نوازا ہے اور آپ کو تسلی دی ہے۔ ان باتوں کو سن کر اس بزرگ خاتون کے چہرہ پر بشاشت آ گئی اور خدا کے فضل سے وہ احمدیت پر تاوفات قائم رہیں۔ مولانا موصوف کو لمبا عرصہ تک مغربی افریقہ کے ملک غانا اور پھر جزائر فجی میں بھی اشاعت دین کا موقع ملا۔ مصنف نے اپنے افریقہ کے قیام کے دوران پیش آنے والے بعض ایمان افروز اور دلچسپ واقعات کا تذکرہ بھی اس کتاب میں کیا ہے۔

زیر تبصرہ کتاب میں مصنف نے حدیث اذکروا محاسن موتاکم کے تحت حضرت محمد رسول اللہ ﷺ کی وفات یافتہ احباب کے حوالے سے ایک سنہری اور انمول نصیحت کا ذکر کیا ہے جس سے معلوم ہوتا ہے کہ معلم حقیقی ﷺ نے جہاں مرحومین کی خوبیوں اور صفات حسنہ کا ذکر کرنے کا ارشاد فرما کر وفات یافتہ افراد کی نیکیوں کو جاری و ساری اور دوام بخشنے کی ہدایت فرمائی وہاں پسماندگان کی عزت وفخر اور وقار کا سامان بھی فرمایا اور ان کو بھی اپنے اخلاق و عادات، معاملات و سلوک کی اصلاح کرنے کی تحریک فرمائی کہ آج سے آپ بھی اپنے لئے ذکر خیر چھوڑنے کا سامان کرو کیونکہ اس طرح نفرتوں کی آگ بجھائی جا سکتی ہے اور معاشرہ کو جنت کا گہوارہ بنایا جا سکتا ہے۔

الغرض کہ مصنف کا خود نوشت حالات و واقعات پر مبنی مجموعہ نہایت عمدہ ہے اور لازوال نیکیوں کی تحریک دلاتا ہے۔ اس کتاب میں تحریر کئے گئے تمام حالات و واقعات جو کہ مصنف کے بچپن، جوانی، میدان عمل اور ان کے بڑھاپے کے ساتھ وابستہ ہیں، قارئین کے لئے ایک قیمتی اثاثہ ہیں اور امید ہے کہ اس کتاب کا مطالعہ کرنے والوں کے لئے اس میں مذکور تمام حالات و واقعات بطور مشعل راہ ہوں گے اور ان کی آئندہ زندگی کے لئے نئی راہیں متعین کرنے کا باعث ہوں گے۔ اللہ تعالیٰ مولانا موصوف (مرحوم) کو اس کی بہترین جزا عطا فرمائے اور اپنی مغفرت کی چادر میں لپیٹتے ہوئے اعلیٰ علیّین میں جگہ عطا فرمائے۔ آمین

(ایم۔اے۔رشید)

☆......☆......☆

دیوانے لوگ

جوش جنوں میں بَک جاتے ہیں کیا کچھ ہم دیوانے لوگ
آپ ہماری بات نہ مانیں آپ تو ہیں فرزانے لوگ

حق حق کرتے آ جاتے ہیں شہر میں جب مستانے لوگ
چار طرف سے آ جاتے ہیں نیزے بھالے تانے لوگ

بستی بستی پھیل گئے ہیں ہر جانب فرزانے لوگ
صحرا میں بھی کوئی نہیں ہے کدھر گئے دیوانے لوگ

کتنی کڑوی لگتی ہے اس دور میں حق کی بات
اپنے بھی تو آ جاتے ہیں سینہ و دل برمانے لوگ

حق کی بات نکالو منہ سے پھر دیکھو تیور ان کے
کتنے انجانے لگتے ہیں یہ جانے پہچانے لوگ

سلیم شاہجہانپوری

پبلشر و پرنٹر طاہر مہدی امتیاز احمد وڑائچ مطبع ضیاء الاسلام پریس مقام اشاعت دارالنصر غربی چناب نگر (ربوہ) قیمت -/5 روپے

مکرمہ امۃ المصور سمیع صاحبہ

محترمہ امۃ اللہ خورشید صاحبہ پہلی خاتون مدیر مصباح

میری پیاری خالہ محترمہ امۃ اللہ خورشید صاحبہ حضرت مولانا ابوالعطاء جالندھری صاحب کی پہلی بیگم محترمہ زینب بی بی صاحبہ کے بطن سے پیدا ہوئیں۔ جو آپ کے ماموں حضرت ڈاکٹر محمد ابراہیم صاحب آف سڑوعہ ضلع ہوشیارپور کی صاحبزادی تھیں۔ آپ کی شادی کی تاریخ 7 ستمبر 1920ء تھی۔ اس وقت حضرت ابا جان کی عمر 16 سال اور محترمہ زینب بیگم صاحبہ کی عمر 13 سال تھی۔ محترمہ زینب بیگم صاحبہ کو حضرت ابا جان کی رفاقت 9 سال کے لگ بھگ ملی اور پھر رضاء الٰہی نے 10/11 جنوری 1930ء کی درمیانی شب کو ان دونوں ساتھیوں کو ہمیشہ ہمیشہ کے لئے ایک دوسرے سے جدا کر دیا اور آپ راہی ملک عدم ہوگئیں۔ آپ نے صرف 22 سال عمر پائی اور عین جوانی کے عالم میں اپنے شوہر اور تین معصوم بچوں کو داغ مفارقت دے کر اپنے مولائے حقیقی سے جاملیں۔ خدا تعالیٰ کے فضل سے آپ موصیہ تھیں اور قادیان کے بہشتی مقبرہ میں مدفون ہوئیں۔ آپ کے بطن سے تین بیٹیاں اور ایک بیٹا پیدا ہوئے جن کے نام مندرجہ ذیل ہیں۔

محترمہ امۃ اللہ خورشید صاحبہ جن کی شادی محترم حکیم خورشید احمد صاحب سے ہوئی۔ محترمہ امۃ الرحمٰن بیگم صاحبہ جن کی شادی محترم ڈاکٹر عبدالسمیع صاحب سے ہوئی۔ محترمہ مبارکہ بیگم صاحبہ جو نوعمری میں ہی والدہ صاحبہ کی وفات کے بعد وفات پاگئیں۔ مکرم عطاء الرحمان صاحب طاہر جو آجکل کراچی میں رہائش پذیر ہیں۔

مکرمہ زینب بیگم صاحبہ بڑی صابرہ، شاکرہ اور پابند صوم وصلوٰۃ تھیں مالی قربانیوں میں بھی پیش پیش تھیں۔ آپ نے ازدواجی زندگی میں حضرت ابا جان سے ہر قسم کا تعاون کیا اور ہر لحاظ سے آپ کی خدمت کی۔ عسر و یسر تنگی اور آسائش ہر حالت میں آپ کا ساتھ نبھایا اور ممدومعاون رہیں۔ حضرت ابا جان نے اپنی بیگم صاحبہ کی وفات کا ذکر خیر کرتے ہوئے 17 جنوری 1930ء کے الفضل میں تحریر فرمایا کہ

''مرحومہ بہت سی خوبیوں کی مالک تھیں۔ میں مدرسہ احمدیہ کی پانچویں جماعت میں پڑھتا تھا کہ 7 دسمبر 1920ء کو ہم رشتہ ازدواج میں منسلک ہوئے۔ بعد ازاں نو برس کے عرصے میں کئی مشکلات آئیں۔ مگر وہ ہمیشہ نہ صرف خود صبر کرتیں۔ بلکہ میری تسلی کا ذریعہ بنیں۔ اگر کبھی فاقہ بھی کرنا پڑا تو خندہ پیشانی سے برداشت کیا۔ میری (جماعتی) ضروریات میں ان کا وجود بساغنیمت تھا۔ سلسلہ کے لئے غیرت تھی اور خدمت دین کا شوق اپنی بساط کے مطابق مالی خدمت کے علاوہ چھوٹے چھوٹے کاموں کے ذریعہ ثواب حاصل کرنے کے درپے رہتی تھیں۔ میں جب بھی کوئی ٹریکٹ وغیرہ شائع کرتا تو بسا اوقات فرمے درست کرنے اور پیک کرنے میں ممدومعاون بنتیں۔ لجنہ اماء اللہ قادیان کی ممبر تھیں۔ اگرچہ خود زیادہ تعلیم یافتہ نہ تھیں۔ مگر اپنے بچوں کے متعلق بہت بلند خیالات رکھتی تھیں۔ اعلیٰ تعلیم حاصل کرنے کا بہت شوق تھا۔ مگر صحت نے اجازت نہ دی۔ طویل اور تکلیف دہ مرض کے باوجود خدا تعالیٰ کا شکر اور حمد وثناء ان کا وظیفہ تھا۔ کبھی حرف شکایت زبان پر نہ آیا۔ مرحومہ کے تین یادگار بچے ہیں۔ جہاں میں احباب سے مرحومہ کی بلندی درجات کے لئے دعا کا طالب ہوں۔ وہاں یہ بھی درخواست کرتا ہوں کہ ان بچوں کی اعلیٰ تعلیم وتربیت اور نیکی وصلاحیت کے لئے بھی دعائیں کریں۔''

محض خدا کے فضل وکرم سے وقت کے ساتھ ساتھ یہ دعائیں قبول ہوئیں۔

حضرت ابا جان جب مدرسہ احمدیہ قادیان کی ساتویں جماعت میں پڑھتے تھے تو محترمہ امۃ اللہ خورشید صاحبہ کی ولادت ہوئی۔ آپ نے اس خوشی میں اپنے ساتھی طلبہ کو ایک پارٹی دی۔ آپ ابھی چھ سال کی ہی تھیں کہ آپ کی والدہ محترمہ وفات پاگئیں۔ آپ بہت ہونہار، سعادت مند اور نہایت نیک بیٹی تھیں اور اپنے سے چھوٹے بھائی اور چھوٹی بہن امۃ الرحمٰن بیگم صاحبہ کا خاص خیال رکھتیں۔ آپ کی ابتدائی تعلیم قادیان کے پاکیزہ ماحول میں ہوئی۔ آپ نے مڈل کے بعد مذہبی تعلیم کا چار سالہ کورس پورا کیا۔ ذاتی مطالعہ کے علاوہ پنجاب یونیورسٹی سے ادیب عالم کا امتحان بھی پاس کیا۔ مجلس خدام الاحمدیہ کی طرف سے کتب حضرت مسیح موعود کے جو امتحانات وقتاً فوقتاً لئے جاتے۔ ان میں باقاعدگی سے شریک ہوتیں اور 1944ء میں مردوں اور عورتوں میں اول آئیں۔ 1945ء میں لجنہ اماء اللہ مرکزیہ قادیان کی ایک رکن کی حیثیت سے باقاعدہ خدمت دین کا کام شروع کیا 1946ء میں آپ سیکرٹری تعلیم اور سیکرٹری اصلاح و ارشاد لجنہ اماء اللہ قادیان مقرر ہوئیں۔ جون 1947ء تا ستمبر 1960ء میں لجنہ مرکزیہ کے رسالہ مصباح کی پہلی خاتون مدیرہ کے طور پر اپنی وفات تک (بعمر 37 سال) خدمت دین بجالاتی رہیں۔ اس دوران 1947ء سے 1950ء تک مصباح بوجہ تقسیم ملک جاری نہ رہ سکا تھا۔ آپ نے اللہ کے فضل سے 15 سال مصباح کی مدیرہ رہنے کا شرف حاصل کیا۔

اللہ تعالیٰ نے محترمہ کو تحریر کا ملکہ بھی بخشا تھا۔ بہت اچھے مضامین لکھتی تھیں۔ ان کی تقریر بھی عمدہ ہوتی تھی طبیعت میں روانی اور جوش تھا۔ مستورات کے جلسہ سالانہ میں بھی اکثر ان کی تقریر رکھی جاتی تھی۔ محنت اور پوری تیاری سے تقریر کرتی تھیں۔ حضرت ابا جان کو خالہ امۃ اللہ سے غیر معمولی پیار تھا اور اس کی ایک وجہ ان کا احمدیت کی خدمت میں قلم وزبان سے جہاد کرنا تھا۔ ایک دفعہ میری چھوٹی بہن نے امی جان سے پوچھا کہ آپ کے ابا جان کو کس بچے سے زیادہ پیار تھا تو امی جان نے کہا کہ 'آپا اچھّی' سے کیونکہ وہ دین کا کام کرتیں تھیں۔

خالہ امۃ اللہ خورشید صاحبہ کو سب بہن اور بھائی آپا اچھّی کہا کرتے تھے۔ کیونکہ آپ بہت بااخلاق تھیں اور اپنے سب چھوٹے بہن بھائیوں سے پیار کرتی تھیں۔ حضرت ابا جان کے گھر میں سارے بہن بھائیوں میں بہت پیار کا سلوک تھا اور سب ہی اپنے بڑے بہن بھائیوں کی بہت عزت کرتے تھے خالہ امۃ اللہ خورشید صاحبہ کا امی جان سے ایک خاص پیار تھا۔ اس کی ایک وجہ یہ بھی تھی کہ امی جان صرف ساڑھے تین سال کی تھیں جب آپ کی والدہ کا انتقال ہوگیا تھا۔ شادی سے پہلے امی جان نے ایک خواب دیکھا کہ میرے بالوں میں سفید موتیوں کا ایک کلپ لگا ہے انہوں نے جب خالہ اچھّی کو بتایا تو وہ کہنے لگیں کہ موتیوں والا کلپ تمہارے بچوں کی علامت ہے۔

آپ کی طبیعت بہت نرم اور متوازن تھی۔ تحفے و تحائف دینے کا آپ کو بہت شوق تھا۔ جن میں خاص چیز بہت خوبصورت رومال ہوا کرتے تھے۔ جب بھی آپ کوئی اچھا کھانا پکاتیں۔ ہمسایوں کو یا بہن بھائیوں کو ضرور بھجواتیں۔ پردے کی بہت سختی سے پابندی کرتی تھیں۔ برقعہ ایسا پہنتیں کہ ہاتھ بھی نظر نہ آئیں۔ گرمیوں میں پردے کی خاطر جرابیں پہن کر باہر جاتیں کپڑوں کے بارے میں اعلیٰ ذوق رکھتیں تھیں۔ گھر میں بھی اچھی طرح تیار ہو کر ہی رہتیں۔ ناراضگی یا غصہ آپ کا وقتی ہوتا غیبت نہ کرتیں اور اگر کوئی کرتا تو فوراً منع کر دیتیں۔ آپ کو حضرت ابا جان سے بہت پیار تھا اور آپ اس بات کا خاص اظہار کرتیں کہ ابا جان کبھی میری بات رد نہیں کرتے اور یہ پیار آخری وقت تک برقرار رہا۔

آپ کو ذکر الٰہی اور عبادت سے خاص شغف تھا۔ نمازیں ہمیشہ وقت پر پڑھتیں۔ سفر میں نماز کا خاص خیال رکھتیں۔ ماہ رمضان میں درس قرآن اور تراویح میں باقاعدگی سے شریک ہوتیں۔ دعاؤں پر خاص ایمان اور اعتقاد تھا آپ کو سچی خوابیں آتیں جو جلد ہی پوری ہو جاتیں۔

آپ کی شادی 1945ء میں حضرت خلیفۃ المسیح الثالث کی شفقت سے مکرم مولانا خورشید احمد شاد صاحب پروفیسر جامعہ احمدیہ سے ہوئی۔ مولانا صاحب نے 1943ء میں پنجاب یونیورسٹی سے مولوی فاضل کا امتحان فرسٹ پوزیشن میں پاس کیا۔ اس امتحان کے بعد آپ نے اپنی زندگی خدمت دین کے لئے وقف کر دی اور حضور کے ارشاد کے ماتحت علم وحدیث کی خاص تعلیم حاصل کرنے کے لئے دو سال تک لاہور اور دہلی کے علماء سے علم حدیث، فقہ اور منطق پڑھا۔

شادی کے بعد بعض اوقات سخت مالی مشکلات کا سامنا کرنا پڑا۔ مگر آپ نے بڑے حوصلہ اور صبر سے ان حالات کا مقابلہ کیا۔ بلکہ مشکل کے ان لمحات میں آپ کو کہا کرتیں کہ ہم نے خدا کے لئے زندگی وقف کی ہے یہ کوئی پھولوں کی سیج نہیں کہ کوئی تکلیف نہ پہنچے اس لئے تکالیف بھی ہمیں خوشی سے برداشت کرنی چاہئے۔ اس میں ہمارے لئے ثواب اور خدا کی رضا ہے۔ خاوند کے ساتھ آپ کی رفاقت مثالی تھی اور آپ بہت ہمدرد اور وفادار بیوی تھیں۔ ہمیشہ گھر کی حقیقی خیرخواہ اور اچھی بات سوچتی۔ آپ کی اولاد نہ تھی آپ ہمیشہ محسوس کرتیں۔ مگر اس کمی کو اپنی زندگی میں اثر انداز نہ ہونے دیا۔ ہمیشہ ایک یتیم بچے کی تربیت کرتیں۔ آخری وقت میں بھی 'ناصر' نامی بچہ آپ کے زیر تربیت تھا۔ اللہ تعالیٰ آپ کی نیکیوں کو قبول فرمائے۔ آمین ثم آمین

خدمت دین کا جذبہ بدرجہ اتم موجود تھا۔ 1947ء میں لجنہ اماء اللہ مرکزیہ نے جب یہ فیصلہ کیا کہ ماہنامہ مصباح کا انتظام کلی طور پر لجنہ اماء اللہ سنبھال لے۔ تو حضرت مریم صدیقہ صاحبہ صدر لجنہ اماء اللہ مرکزیہ نے محترمہ امۃ اللہ خورشید صاحبہ کو یہ ذمہ داری سونپی اور چند دنوں میں ہی آپ نے ماہنامہ کا سارا انتظام سنبھال لیا اور تاحیات اس کی مدیرہ رہیں۔ ماہنامہ مصباح کے ساتھ آپ کو ایک عشق تھا۔ شب وروز ایک ہی دھن سوار رہتی کہ مصباح ترقی کرے۔ ربوہ میں رہنے والوں مضمون نگاروں کے پاس خود جا کر رسالے کے لئے مضامین لیتیں اور باہر رہنے والوں کو بذریعہ خطوط تحریک کرتیں۔ رسالہ اور الفضل میں متواتر اعلان کرواتیں۔ جلسہ سالانہ کے موقع پر اپنے کلرک اور مددگار کارکن کو لے کر رسالے کی اشاعت میں وسعت کے لئے چکر لگاتیں۔ جب واپس آتیں تو تھک کر برا حال ہو جاتا۔ آپ کی کوششوں کے نتیجے میں ماہنامہ مصباح کی اشاعت پہلے سے زیادہ ہوگئی اور طبقہ نسواں کے علاوہ یہ مردوں کے حلقہ میں بھی پڑھا اور پسند کیا جانے لگا۔ قادیان میں جب آپ کی رہائش دارالبرکات کی بیت الذکر کے پاس تھی تو وہاں سے دارالمسیح قریباً ایک میل کے فاصلے پر تھا۔ لیکن آپ کے شوق خدمت دین کا یہ حال تھا کہ آپ باقاعدہ ماہنامہ مصباح کے کام کے لئے شہر جاتیں اور بسا اوقات انہیں یہ فاصلہ سخت دھوپ میں بھی طے کرنا پڑتا۔ آپ سخت بیماری کے ایام میں بھی مصباح کا کام متواتر اور باقاعدگی سے کرتی تھیں۔ کئی دفعہ جب مولوی صاحب نے یہ مشورہ دیا کہ آپ یہ کام چھوڑ دیں تو آپ نے کہا کہ ''یہ تو میری دلچسپی اور تفریح کا موجب ہے۔ اگر یہ چھوڑ دوں گی تو بور ہوں گی ہاں جب میرے بچے ہوں گے تو چھوڑ دوں گی اس وقت تو مصباح ہی میرا بچہ ہے۔ اس حالت میں اگر مر بھی گئی تو خدمت دین کرتے ہوئے مروں گی''۔ فوت ہونے سے چند ماہ قبل کراچی کے دورے پر گئیں۔ لجنہ کا سارا ریکارڈ چیک کیا۔ لیکچر

دیے اور واپسی پر ساری مفصل رپورٹ پیش کی۔ سارا کام بہت ہی ایمانداری اور دلچسپی سے کیا۔

آپ کو مرکز اور خاندان حضرت مسیح موعود اور خلافت سے بہت لگاؤ اور محبت تھی۔ خاندان کے تمام افراد سے نہایت عزت و احترام سے پیش آتیں۔ حضرت سیدہ ام متین صاحبہ صدر لجنہ اماء اللہ اور بیگم صاحبہ محترم صاحبزادہ ڈاکٹر مرزا منور احمد صاحب اور حضرت سیدہ مہر آپا سے ان کا خاص لگاؤ تھا اور گہرے مراسم تھے۔ ان کے علاوہ خاندان کی دیگر خواتین سے بہت اچھے مراسم تھے اور وہ بھی آپ سے بہت پیار کا سلوک کرتیں۔ آخری بیماری کے دوران یہ معزز خواتین ہسپتال میں عیادت کے لئے بھی تشریف لائیں۔ اللہ تعالیٰ سب کو بہترین جزاء دے۔ آمین

آپ نے آخری بیماری کے دوران بہت حوصلہ اور صبر سے کام لیا اور آخری دم تک دین کی خدمت کی۔ 1960ء میں حضرت ابا جان کو کراچی میں خواب کے ذریعہ بتایا گیا کہ امتہ اللہ خورشید صاحبہ آپریشن کے بعد وفات پا جائیں گی آپ نے بہت دعائیں کیں۔ مگر تقدیر اٹل تھی۔ ربوہ واپس آئے تو خالہ صاحبہ کی حالت کافی کمزور تھی۔ انہی دنوں حضرت ابا جان کا قادیان کا ویزہ ختم ہو رہا تھا۔ آپ نے چاہا کہ قادیان ہو آئیں اور وہاں دعا کی تحریک بھی کر دیں۔ جب خالہ سے پوچھا تو انہوں نے کہا کہ ''ابا جان آپ مجھے چھوڑ کر نہ جائیں۔'' اور پیارے والد نے اپنی پیاری بیٹی کی خواہش کا احترام کیا۔ جبکہ آپ کا دل بہت تھا کہ قادیان ضرور ہو آئیں اسی موقع پر آپ نے مصباح میں اپنا آخری پیغام تحریر فرمایا اور لکھا کہ اگر خدا نے مجھے صحت دی تو حسب سابق میں اس سے زیادہ دین کی خدمت کروں گی اور اگر یہ میرا آخری وقت ہے تو تمام بہنوں اور بھائیوں سے خصوصاً دعا کی درخواست ہے کہ میرے لئے مغفرت کی دعا کریں اور سب کو میرا سلام پہنچا دیں۔ میں نے اپنی حد استطاعت کے مطابق مصباح کے ذریعہ خدمت دین کرنے میں اپنی طرف سے کوئی کمی نہیں رکھی اور تکلیف اور علالت کے دوران بھی اس فرض سے غافل نہیں ہوئی۔ 24 ستمبر 1960ء کو لاہور میں اپریشن ہوا۔ بظاہر ہر چیز کامیاب ہوگئی مگر تقدیر غالب آئی اور 26 ستمبر 1960ء کو آپ اس دنیا سے 37 سال کی عمر میں رخصت ہوئیں۔

بلانے والا ہے سب سے پیارا
اسی پہ اے دل تو جاں فدا کر

آپ 1/8 حصہ کی موصیہ تھی۔ 27 ستمبر 1960ء کو قطعہ 4 بہشتی مقبرہ ربوہ میں آپ کی تدفین ہوئی۔ اس قطعہ میں آپ کے نانا جان دفن ہیں۔ اس کے علاوہ یہیں آپ کی پھوپھی حاجرہ بیگم صاحبہ بھی دفن ہوئیں اور جب ٹھیک 45 سال بعد 20 فروری 2005ء کو میری امی جان محترمہ امتہ الرحمٰن بیگم صاحبہ فوت ہوئیں تو وہ بھی اسی قطعہ میں مدفون ہوئیں اور ایک دفعہ پھر سارے اپنوں میں ہی ہمیشہ کے لئے

(باقی صفحہ 6 پر)

ماخوذ

2008ء میں ہونے والی منتخب ایجادات

بجلی کی سائیکل

یہ دو سال پہلے کی بات ہے جب ٹورانٹو کا سترہ سالہ طالب علم، بن گولاک چین کی سیر کرنے گیا۔ جب اس کا طیارہ بیجنگ ہوائی اڈے پر اتر رہا تھا، تو اس نے دو ہفتے کے لئے آخری بار سورج کا مکمل مشاہدہ کیا۔ دراصل شہر میں چھائے دھوئیں اور گرد و غبار کے باعث اسے پھر سورج ہمیشہ دھندلا ہی نظر آیا۔

دو دن ہی میں گولاک کو احساس ہو گیا کہ بیجنگ میں ماحول خراب ہونے کی ایک وجہ ہزاروں موٹر سائیکلیں ہیں جو چلتے ہوئے بہت دھواں چھوڑتی ہیں۔ گولاک چونکہ آٹو انجینئرنگ کی تعلیم حاصل کر رہا تھا لہٰذا اس نے فیصلہ کر لیا کہ وہ ایک ماحول دوست اور کم جگہ گھیرنے والی موٹر سائیکل بنانے کی کوشش کرے گا۔

وہ واپس وطن پہنچا تو سوچ بچار کے بعد اس نے بجلی سے چلنے والی ایسی یک پہیہ موٹر سائیکل بنانے کا خاکہ تیار کیا جو کسی قسم کا دھواں نہ چھوڑے، نیز اسے تنگ اور ٹریفک سے اٹی پڑی سڑکوں میں چلانا نسبتاً آسان ہو۔ ارادہ نیک تھا، اس لئے گولاک کی مشکلات آسان ہوتی گئیں اور آخر کار وہ اپنے مقصد میں کامیاب ہو گیا۔

گولاک کی ایجاد کردہ موٹر سائیکل انوکھی ہے۔ سوار کے بالکل نیچے دو پہیے نصب ہیں تا کہ وہ اپنی مشین کو بخوبی سنبھال سکے۔ سوار کے آگے جھکنے پر بائیک کی رفتار میں اضافہ ہو جاتا ہے۔ موڑ آئے تو اندرونی پہیہ اٹھتا جبکہ بیرونی نیچے ہو جاتا ہے، یوں بائیک گرنے نہیں پاتی۔

اسے اپنے منصوبے کی کامیابی پر یقین تھا، اسی لئے گولاک نے کالج سے ایک سالہ چھٹی لی اور دوست کی موٹر سائیکل ورکشاپ میں اپنی ایجاد ''یونو'' (UNO) کی تیاری میں لگ گیا۔ اس نے یاماہا آر 1 کا فریم لیا کیونکہ وہ خاصا چوڑا ہے۔ یوں دو پہیے پہلو بہ پہلو بآسانی لگ گئے۔ گولاک نے پھر ربوٹکس انجینئر ٹریور بلیک ویل کی مدد سے اپنی یونو کے لئے خاص قسم کا جائروسکوپ (Gyroscope) اور کنٹرول سسٹم بنوایا۔ یہ دونوں خصوصی نظام سوار اور بائک دونوں کو متوازن رکھتے ہیں اور انہیں گرنے نہیں دیتے۔ یونو کی زیادہ سے زیادہ رفتار 40 میل فی گھنٹہ ہے تاہم گولاک مشورہ دیتا ہے کہ اسے 20 میل فی گھنٹہ کی رفتار سے چلانا بہتر ہے۔ ویسے بھی ابھی یہ ایجاد تجرباتی مراحل میں ہے۔ گولاک اس میں سسپینشن کا نظام مزید بہتر بنا رہا ہے تا کہ بائک تیز رفتاری کے وقت بھی توازن برقرار رکھے۔ یہ بائک شہروں کے لئے بہت مفید ثابت ہوگی جہاں ٹریفک کا مسئلہ نہایت شدت اختیار کر گیا ہے۔ یونو کے ذریعے کوئی بھی تاجر یا کاروباری بڑے آرام سے اپنے دفتر پہنچ سکتا ہے۔ اسے ایک طرح کی سائیکل سمجھئے جو بجلی سے چلتی ہے۔ یوں راستہ تنگ بھی ہو تو یہ نہیں رکتی اور نہ ہی ماحول خراب کرنے والا دھواں چھوڑتی ہے۔

کان کنوں کا سہارا

جنوری 2006ء کی بات ہے امریکی ریاست ویسٹ ورجینیا میں واقع کوئلے کی کان میں زبردست دھماکہ ہوا۔ دھماکے کی وجہ جو بھی تھی، اس کی وجہ سے بیس کان کن اندر پھنس گئے۔ گو انہیں تلاش کرنے والے جدید ترین آلات سے لیس تھے مگر 2 کلومیٹر کا علاقہ چھان لینے کے باوجود وہ مشکل میں گرفتار کان کنوں کو تلاش نہ کر سکے۔ 41 گھنٹے بعد جب وہ پھنسے بدقسمتوں کے پاس پہنچے تو ان میں سے انیس چل بسے تھے۔ صرف ایک کو زندہ بچایا جا سکا۔ نجات دہندوں کی پارٹی کا سربراہ جم پونسروف تھا۔ اس کا کہنا ''جاں بلب کان کنوں کو ڈھونڈنے میں سب سے بڑا چیلنج یہ ہے کہ ان تک جلد از جلد کیسے پہنچا جائے؟ ظاہر ہے اگر یہ معلوم ہو جائے کہ وہ زیر زمین یا پہاڑ کی دوسری سمت کہاں موجود ہیں، تو زمین میں سوراخ کھود کر فوراً انہیں ہوا تو پہنچائی جا سکتی ہے۔ پھر انہیں آزاد کرانا بھی مسئلہ نہیں رہے گا''۔ یہ صرف امریکیوں کا مسئلہ نہیں بلکہ ساری دنیا میں بکھری کانوں میں کام کرنے والے بھی اندر پھنس جائیں تو ان تک رسائی زندگی اور موت کا معاملہ بن جاتا ہے۔ پاکستان میں بھی کوئلے اور دیگر معدنیات کی کئی کانیں موجود ہیں اور اکثر وہاں پھنسے ہوئے کان کن اس لئے موت کو گلے لگا لیتے ہیں کہ بروقت تلاش نہیں ہو پاتے۔ آج بھی تمام کانوں میں کان کن ایسے ریڈیو کے ذریعے بیرونی دنیا سے رابطہ رکھتے ہیں جو ایک پتلی تار سے کام کرتے ہیں۔ مگر معمولی حادثہ بھی اس تار کو نقصان پہنچا دیتا ہے۔

جنوری 2006ء کے حادثے کی خبریں ٹی وی پر رسل بریڈنگ نے بھی دیکھیں۔ گو وہ آج تک کسی کان میں نہیں گیا تھا لیکن آبدوز کے سابق انجینئر کی حیثیت سے وہ خوب جانتا تھا کہ جب کوئی انسان خطرناک اور تنگ جگہ میں پھنس جائے، تو کیسے عذاب سے گزرتا ہے۔ یہ سوچتے ہوئے ہی اسے احساس ہوا کہ جس ٹیکنالوجی کی مدد سے آبدوز کی پوزیشن معلوم کی جاتی ہے، اسی کے ذریعے گمشدہ کان کنوں کا بھی پتا چلایا جا سکتا ہے۔ کان کنوں کی خوش قسمتی کہ رسل نے اس خیال کو دماغ میں نہیں رکھا بلکہ عملی جامہ بھی پہنا دیا۔ رسل نے ''ان سیٹ'' (Inset) نامی نظام ڈیزائن کیا جو وائرلیس ریڈیو نیٹ ورک کی مدد سے گمشدہ کان کنوں کو تلاش کرتا ہے۔ یہ وہی ٹیکنالوجی ہے جو میزائل گائڈینس سسٹم میں استعمال ہوتی ہے۔ اسی لئے رسل کا کہنا ہے ''یہ ایجاد دراصل کچھ ایسے ہی ہے کہ میزائل گائڈینس سسٹم میزائل سے اتار کر انسان کو پہنا دیا جائے''۔

ان سیٹ نظام کے تحت مخصوص کان کن واکی ٹاکی سائز کے ٹرانسمیٹر پہنتے ہیں جن میں بیٹری اور ایک انرشیئل (Inertial) موشن سینسر موجود ہوتا ہے۔ اگر کوئی حادثہ ہو جائے، تو زمین پر موجود لوگ ٹرانزسیورز کی مدد سے اسی انرشیئل موشن سینسر کے ذریعے پتا لگاتے ہیں کہ کان کن کہاں پھنسے ہوئے ہیں۔ ریڈیو ٹرانزسیورز دراصل سینسر کے پیغام ایک کمپیوٹر کو دیتے ہیں جس میں کان کا نقشہ محفوظ ہوتا ہے۔ اس نقشے کی مدد سے پھر مصیبت زدوں کا پتا لگایا جاتا ہے۔ رسل اپنی ایجاد کو مزید بہتر بنانے میں مصروف ہے۔ وہ چاہتا تھا کہ اسے جلد تجارتی طور پر تیار کیا جائے تا کہ ان کئی سو کان کنوں کی زندگیاں بچائی جا سکیں جو فرض کی ادائیگی کے دوران ہر سال جان سے گزر جاتے ہیں۔

ہوائی سانپ

ہوا کی طاقت اور جدید سائنسی تحقیق سے فائدہ اٹھاتے ہوئے اب دنیا بھر میں ہوائی چکیوں کی مدد سے کئی ہزار میگاواٹ بجلی پیدا کی جا رہی ہے۔ لیکن مسئلہ یہ ہے کہ یہ ہوائی چکیاں بہت زیادہ جگہ گھیرتی ہیں اور ان کے بلیڈ بھی کسی جیٹ طیارے کے پروں کی طرح دیوہیکل ہوتے ہیں۔ پھر ہوائی بجلی گھر سے متعلق سارے سامان کی تیاری، نقل و حمل اور تنصیب بذات خود ایک مہنگا اور پیچیدہ عمل ہے۔ اگرچہ یہ امر درست ہے کہ ایک دفعہ تنصیب کے بعد چند ہی برس میں لاگت وصول ہو جاتی ہے۔ یہی وجہ ہے کہ پوری دنیا میں ہوائی بجلی گھر لگ رہے ہیں۔ مگر نقل و حمل اور تنصیب کے مسائل اپنی جگہ ہیں۔ اس سلسلے میں امریکی موجد، ڈوگ سلیسم کے پاس ایک حل موجود ہے یہ کہ سوچ مختصر رکھئے۔ اس کا نظریہ یہ ہے کہ کم میٹریل سے زیادہ طاقت حاصل کیجئے یعنی جنریٹر سے منسلک ایک دھرے (شافٹ) پر دو، دس یا چند درجن روٹر (Rotors) نصب کریں اور بجلی پا لیں۔

سلیسم کا کہنا ہے آج ہوا کی جن ٹربائنوں سے بجلی بنائی جا رہی ہے ان کے ڈیزائن کئی سو سال پرانے ہیں۔ اس کی مختصر سوچ کا آغاز ستائیس برس قبل ہوا جب وہ یونیورسٹی آف کیلیفورنیا میں طبیعات کا طالب علم تھا۔ وہ بتاتا ہے ''میری درسی کتاب میں لکھا تھا کہ واحد روٹر والی ٹربائن کے ساتھ مزید روٹریں نہیں لگ سکتیں۔ مگر میں اس نظریے سے متفق نہ تھا۔ مجھے یقین تھا کہ اگر ٹربائن کے ساتھ مزید روٹریں لگ جائیں تو زیادہ بجلی حاصل ہوگی۔ اگلے بیس برس سلیسم اپنے نظریے کو درست ثابت کرنے کے لئے تجربات کرتا رہا۔ ذاتی و گھریلو اخراجات کے واسطے اس نے مختلف ملازمتیں بھی کیں تاہم 1999ء کے بعد وہ صرف ہوا کی طاقت پر تحقیق کرنے لگا۔ اس کی مسلسل محنت رنگ لائی اور وہ اپنے گیراج میں سات روٹروں سے چلنے والی ٹربائن تیار کرنے میں کامیاب ہو گیا۔ یہ ٹربائن تین ہزار کلوواٹ بجلی بناتی اور ایک عام گھر کے لئے موزوں ہے۔ رفتہ رفتہ سلیسم کی ایجاد کا چرچا پھیلا تو اس کے پاس چھوٹے ''ہوائی بجلی گھر'' کے آرڈر آنے لگے۔ آج کیلیفورنیا کے پچاس گھر سلیسم کی ایجاد سے استفادہ کرتے ہوئے ہوا کی طاقت سے صاف ستھری

بجلی بنا رہے ہیں۔ سیلسم نے اپنی ایجاد کا نام ''ہوائی سانپ'' (Sky Serpant) رکھا ہے۔ اس کے دھڑے پر موزوں فاصلے سے روٹر یا بلیڈ لگائے جاتے ہیں۔ ہر روٹر اپنی سمت آنے والی ہوا سے تیز گھومتا اور یوں بجلی کی مقدار بڑھاتا ہے۔ اس ایجاد سے بھرپور فائدہ اٹھانے کے لئے ضروری ہے کہ روٹروں کے درمیان بالکل صحیح تناسب میں فاصلہ ہو۔ ''ہوائی سانپ'' پر لاگت کم آتی ہے تاہم یہ اپنی جیسی عام ہوائی چکیوں کے مقابلے میں زیادہ بجلی پیدا کرتا ہے۔ ہوا میں ''ہوائی سانپ'' کا ایک سرا غبارے سے بندھا ہوتا ہے تاکہ وہ بلند رہے۔

ایک عام گھر کو بجلی فراہم کرنے کے لئے یہ ایجاد مفید ہے۔ امید ہے جیسے ہی یہ تجارتی طور پر تیار ہونا شروع ہوئی، پاکستان میں اس کی مانگ ہوگی۔

آلودہ پانی میں غوطہ خوری

کراچی کے ساحل پر اکثر جہاز پھنستے یا ڈوبتے رہتے ہیں۔ تب ان کا اپنا یا ان پر لدا ایندھن پانی میں شامل ہو کر سمندری زندگی کے لئے تباہی کا پیغام بن جاتا ہے۔ پھر ایندھن کی صفائی بھی ایک دشوار گزار مرحلہ ہوتا ہے کیونکہ ایسے آلودہ پانی میں اترنے کے لئے خاص لباس چاہئے۔

1989ء میں نیویارک کے قریب بھی ڈیزل سے لدا ایک جہاز ڈوب گیا۔ اس جہاز میں چند قیمتی اشیاء موجود تھیں، انہیں لانے کی ذمے داری ایک نوجوان غوطہ خور اور تجرباتی کیمیا داں ٹیر میکلین کے سپرد ہوئی۔ ٹیر نے غوطہ خوری کا لباس پہنا اور بڑی دقت کے بعد جہاز سے قیمتی اشیاء نکال لایا۔ لیکن اس دوران ٹیر کے لباس اور ہیلمٹ میں آلودہ پانی داخل ہوگیا حتیٰ کہ اسے سانس لینے میں دقت محسوس ہونے لگی۔ اگر وہ سخت جان اور نوجوان نہ ہوتا تو یقیناً اسے ناکام ہو کر واپس آنا پڑتا۔ پھر بھی اگلے تین دن اسے چکر آتے رہے اور کئی بار تے بھی آئی۔

اس واقعہ نے یہ حقیقت نمایاں کر دی کہ کسی قسم کے آلودہ پانی میں غوطہ لگانے کے لئے کوئی خصوصی لباس ہونا چاہئے۔ یہی حقیقت سامنے رکھ کر ٹیر نے فیصلہ کر لیا کہ وہ غوطہ خوری کا ایسا سخت جان لباس تیار کرے گا جسے کسی قسم کی آلودگی گزند نہ پہنچا سکے۔ خوش قسمتی سے اسے امریکی بحریہ کی طرف سے مالی امداد مل گئی۔ بڑی سوچ بچار کے بعد ٹیر کے ذہن میں یہ ترکیب آئی کہ ایسا ہیلمٹ بنایا جائے جس کے بالائی حصے سے ایک نالی نکلے اور اوپر کھڑے آدمیوں یا کشتی تک چلی جائے۔ عمل تنفس کے ذریعے جو گندی ہوا پیدا ہو، وہ اس نالی کے ذریعے اوپر خارج ہو جائے گی۔ یوں عمل تنفس کا نظام آلودہ پانی سے مس نہیں ہوگا۔

غوطہ خوری کے موجودہ لباس میں گندی ہوا خارج اور سانس کا نظام کنٹرول کرنے کے لئے دو نالیاں نصب ہوتی ہیں۔ آلودہ پانی کے قطرے انہی نالیوں سے رس کر غوطہ خور کے منہ تک پہنچ جاتے ہیں۔ مگر ٹیر کی جدت نے نظام عمل تنفس کو غوطہ خوری کے عمل ہی سے علیحدہ کر دیا۔

اب اگلا مرحلہ یہ تھا کہ ہیلمٹ کی نالی ایسی کس مضبوط شے سے سیل کی جائے کہ پانی اندر نہ رس سکے؟ اس ضمن میں ٹیر نے مختلف دھاتوں کے ساتھ تین برس تک تجربے کئے۔ آخر وہ ایلسٹامور نامی ایک نیا مادہ دریافت کرنے میں کامیاب ہوگیا جو خطرناک کیمیکل ملے پانی میں بھی گھنٹوں نہیں گھلتا اور اپنی قوت برقرار رکھتا ہے۔

ٹیر اب تجرباتی طور پر غوطہ خوری کا اپنا لباس تیار کر چکا ہے۔ یہ لباس ان غوطہ خوروں کے لئے کسی نعمت سے کم نہیں جنہیں آلودہ اور خطرناک پانی میں جانے کو کہا جاتا ہے۔ امریکی بحریہ نے یہ لباس منظور کر کے اسے تجارتی طور پر بنانے کا حکم دے دیا ہے۔

ایک انوکھا مصنوعی پیر

لندن میں مقیم گورڈن لنک ماؤنٹ ایورسٹ پر چڑھنے، میراتھن میں حصہ لینے اور سمندر میں سرفنگ کرنے کی کوئی خواہش نہیں رکھتا، اس کی واحد تمنا یہ ہے کہ وہ عام انسانی انداز میں چل پھر سکے اور کہیں ٹھوکر نہ کھائے۔ دراصل گورڈن فطری چال سے محروم اور ذیابیطس کا مریض ہے۔ اس کی تمنا ہی نے اسے ایک ایسا مصنوعی پیر ایجاد کرنے پر لگا دیا جو پیروں سے معذور افراد کے لئے نعمت بن جائے۔ مقام شکر ہے کہ گورڈن کی آٹھ سالہ شبانہ روز محنت رنگ لائی اور وہ ایک انوکھا مصنوعی پیر بنانے میں کامیاب ہوگیا۔

آٹھ سال پہلے چھتیس سالہ یہ مکینیکل انجینئر بائیسکل چلا رہا تھا کہ ایک کار اس سے آٹکرائی۔ اس کے کولہے پر شدید چوٹ لگی اور دونوں ٹانگیں بے جان ہوگئیں۔ اسے پھر تین سال کی زبردست کوششوں کے ذریعے چلنا سکھنا پڑا لیکن پیروں کی فطری ساخت بگڑ جانے کے باعث وہ یوں چلتا ہے جیسے کوئی شرابی چل رہا ہو۔

پیروں کی خرابی میں مبتلا ہونے کے بعد گورڈن نے چلنے کی حیاتی میکانیات (بائیومکینکس) کا گہرائی میں مطالعہ کیا۔ تب اس پر انکشاف ہوا کہ موجودہ مصنوعی پیر کارکردگی میں فطری پیروں سے کہیں پیچھے ہیں۔ دراصل ہمارا ایک پیر 26 ہڈیاں اور 35 جوڑ رکھتا ہے۔ قدرت نے اس پر یہ بھاری ذمہ داری عائد کی ہے کہ وہ نہ صرف ہمارا بوجھ اٹھائے بلکہ ہمیں حرکت بھی دے۔ اسی لئے فطری پیر سے ملتا جلتا مصنوعی پیر بنانا پیچیدہ ترین سائنسی مراحل میں سے ایک ہے۔ ترقی یافتہ ممالک میں ماہرین نے فطری پیر کے مانند مشینی پیر بنالئے ہیں جو چلنے پھرنے میں اس جیسی خصوصیات رکھتے ہیں مگر بہت مہنگے ہونے کے باعث صرف معذور امراء ہی انہیں خرید سکتے ہیں۔

یہ تمام نکات ذہن میں رکھ کر گورڈن اپنا انوکھا پیر ایجاد کرنے میں مصروف ہوگیا اور چھ ماہ پہلے اسے کامیابی مل گئی۔ یہ نیا پیر میگنیشیم دھات سے بنا ہے کیونکہ وہ ہلکی ہوتی ہے۔ اس کے تخنے میں کوئی جوڑ نہیں بلکہ ہیل کو باقی حصے سے جوڑنے والا جوڑ ہی تخنے اور کمان، دونوں کے کام نبھاتا ہے۔ اس پیر میں سٹیل اور دیگر مضبوط دھاتوں سے بنی ان گنت تاریں موجود ہیں جو دوران حرکت رباط (Tendons) اور بندھنوں (Ligaments) کا کام دیتی ہیں۔ استعمال کرنے والا انہیں نہیں ہلاتا بلکہ چلنے کے دوران وہ خود ہی حرکت کرتی ہیں۔

چونکہ اس مصنوعی پیر کا اگلا اور پچھلا حصہ آزادی سے حرکت کر سکتا ہے لہٰذا وہ غیر ہموار سطح پر بھی قابل استعمال ہے۔ آجکل گورڈن اسے زیادہ سے زیادہ پائیدار بنانے پر لگا ہوا ہے۔ دراصل تاروں کو منسلک کرنے والا ایک سپرنگ کثیر استعمال سے ڈھیلا ہو جاتا ہے۔ وہ یہ خرابی دور کرنے کا خواہشمند ہے۔ امید واثق ہے کہ مہنگی موٹروں اور مصنوعی ذہانت سے پاک یہ مصنوعی پیر عنقریب غریب معذوروں کو دوبارہ چلنے کی انمول صلاحیت عطا کردے گا۔

عوام کا راکٹ انجن

خلا میں سیر کرنے کی تمنا کون نہیں رکھتا؟ شاعر تو صدیوں سے چاند ستارے چھونے کی کوششیں فرما رہے ہیں۔ لیکن ظاہر ہے، یہ کوئی پائیں باغ کی سیر تو ہے نہیں کہ چند قدم لئے اور لطف اٹھالیا۔ خلا کی سیر کرنے کے واسطے کروڑوں روپے چاہئیں۔ تاہم ٹم بینڈل کی ایجاد اب ایک عام آدمی کو بھی خلائی نظارے دکھا سکتی ہے۔ ٹم بنڈل پروپلشن (Propulsion) انجینئر ہے جو کئی سال لاک ہیڈ مارٹن کمپنی سے وابستہ رہا۔ آجکل وہ تن من دھن سے ایسے 50 پونڈ وزنی راکٹ انجن کی تیاری میں لگا ہوا ہے جو کسی بھی قسم کے خلائی جہاز کو خلا تک پہنچا سکے۔ کلید یہ ہے: راکٹ انجن اتنا سستا ہو کہ اسے خریدنے کے لئے ارب پتی رچرڈ برانسن ہونا ضروری نہیں۔ خلائی سیر کا خواب دیکھنے والوں کے لئے خوشخبری یہ ہے کہ ایسے ہی راکٹ انجن، ''وائپر'' کا تجرباتی نمونہ بینڈل نے تیار کر لیا ہے۔ یہ نمونہ اس وقت امریکی ریاست وائومنگ میں ایک غیر استعمال شدہ اینٹی میزائل سائٹ پر موجود ہے۔

واضح رہے، جس خلائی جہاز میں سیاح بیٹھے ہوں، اسے خلا کے قریب پہنچ کر اپنی رفتار کم کرنا پڑتی ہے کیونکہ عام لوگ خلانوردوں کے مانند خلا میں ''تیرنے اور اڑنے'' کا تجربہ نہیں رکھتے۔ لیکن مسئلہ یہ ہے کہ جیسے ہی راکٹ انجن کی رفتار کم کی جائے، انجن چیمبر کا دباؤ بھی کم ہو جاتا ہے۔ یوں اسی میں موجود آواز کی لہریں اندر ہی اچھلنے کودنے لگتی ہیں۔

خطرناک بات یہ ہے کہ اگر آواز کی لہریں پوری شدت سے گونجنے لگیں، تو انجن کے مختلف حصوں میں حدت اور دباؤ اتنا بڑھ سکتا ہے کہ وہ اسے پھاڑ کر رکھ دے۔ اسی لئے سیاحوں کو لے جانے والے خلائی جہاز انجن میں حدت اور دباؤ قابو کرنے والے خصوصی آلات رکھتے ہیں اور یہی وجہ ہے کہ خلائی سیر بہت مہنگی ہے۔ مگر اب ٹم بینڈل نے اس مسئلے کا آسان اور سستا توڑ نکال لیا ہے۔ وہ یہ کہ اس نے انجن میں مختلف فریکوئنسی والے صداروک حاجز یا آسان الفاظ میں سوراخ بنا دیئے جو آواز کی لہریں جذب کر لیتے ہیں۔ اس طرح انجن پھٹنے کا خطرہ نہیں رہا۔

ٹم جلد ہی اپنا راکٹ پیٹنٹ کرانے کے لئے درخواست دے رہا ہے۔ چونکہ ترقی یافتہ ممالک میں خلائی سیر کے شوقین ہزاروں افراد موجود ہیں لہٰذا کئی ادارے ٹم کے ایجاد کردہ راکٹ انجن میں دلچسپی لے رہے ہیں۔ ٹم بینڈل کو امید ہے کہ اگلے سال کے اوائل میں اس کا راکٹ انجن تجارتی طور پر بننے لگے گا۔

ہوا باآسانی صاف کیجئے

آپ ایسے گھر میں مقیم ہو سکتے ہیں جو کیمیائی گیسیں چھوڑ رہا ہو۔ قطرینہ طوفان سے متاثر امریکیوں کی مثال سے سبق سیکھئے۔ امریکی حکومت نے اپنے ان شہریوں کو رہنے کے لئے ٹریلر دیئے تھے کیونکہ بیچاروں کے گھر تباہ ہو چکے تھے۔ وہ ٹریلر گلو سے بورڈ جوڑ کر بنائے گئے تھے۔ کچھ عرصہ بعد انکشاف ہوا کہ وہ بورڈ انسانی صحت کے لئے مضر ایک کیمیکل فورمل ڈیہائڈ (Formaldehyde) بہت مقدار میں خارج کر رہے ہیں۔

یہ معاملہ اتنا سنگین تھا کہ امریکہ میں امراض کی روک تھام کرنے والے ادارے نے ٹریلروں میں مقیم شہریوں کو کہا کہ وہ زیادہ سے زیادہ وقت باہر گزاریں اور کوشش کریں کہ جلد از جلد مستقل گھر میں قیام پذیر ہو جائیں۔

ماہرین کا کہنا ہے کہ ایک عام گھر میں بھی متفرق اشیاء سے خارج ہونے والی کیمیائی گیسیں انسان کو اپنی گرفت میں لے سکتی ہیں۔ مثال کے طور پر فرنیچر، قالین اور پینٹ کے کیمیکل آپ کو بیمار کر سکتے ہیں۔ سائنسدانوں نے کمروں سے گندی ہوا صاف کرنے کے واسطے ''ایئر فلٹر'' ایجاد کر لئے ہیں مگر ان کی خرابی یہ ہے کہ وہ صرف مٹی اور پولن جذب کرتے ہیں، نامیاتی مادوں مثلاً فورمل ڈیہائڈ اور بینزین کو دور کرنا ان کے بس سے باہر ہے۔

یہ صورتحال ہارورڈ یونیورسٹی میں زیر تعلیم ایک بائیو میڈیکل انجینئر، ڈیوڈ ایڈورڈز کے لئے پریشان کن تھی۔ ایک دن اتفاق سے اسے 1980ء کے عشرے میں کی گئی ناسا کی یہ تحقیق ہاتھ لگ گئی کہ پودے اپنے پتوں اور جڑوں کے ذریعے بیشتر کیمیکل جذب کرنے کی صلاحیت رکھتے ہیں۔ اس تحقیق نے ڈیوڈ کو روشنی دکھا دی کیونکہ اب گھر کی آلودگی سے بچاؤ کے لئے اسے ایک کارآمد فطری ہتھیار مل گیا۔

کئی پودے مثلاً فائلوڈینڈرا (Philodendra) کاربن ڈائی آکسائیڈ کے مانند فورمل ڈیہائڈ بھی جذب کرتے ہیں۔ مگر مسئلہ یہ تھا کہ پودے صرف اپنے چھونے والی ہوا کو صاف کرتے ہیں۔ لہٰذا کوئی ایسا ذریعہ ہونا چاہئے تھا جو کمرے کی ساری ہوا کو مسلسل پودوں کے ساتھ مس کرتا رہے۔ یہ مسئلہ گورڈن کے دوست اور پروڈکٹ ڈیزائنر میتھیو لی ہانور نے دور کر دیا۔ میتھیو نے ایسا باکس یا کنٹینر بنایا جس میں پودوں کے اردگرد موجود ہوا ہر وقت حرکت میں رہتی ہے۔ وہ کچھ یوں کہ پتوں کے قریب ایک پنکھا چلتا رہتا ہے۔ مٹی میں نصب دوسرا پنکھا بھی اردگرد کی ہوا متحرک کرتا ہے۔ (وہ اس لئے کہ پودے کی جڑوں میں موجود مائیکروب زیادہ کیمیکل جذب کرتے ہیں۔

پھر مٹی بھی روایتی چارکول فلٹر کا کردار ادا کر کے مزید کیمیائی گیس کھینچ لیتی ہے) مٹی کے نیچے رکھی پانی کی ٹرے پودوں کو نمی فراہم کرتی اور مزید کیمیائی سالمات دبوچتی ہے۔ آخر میں کنٹینر میں بنائی گئی درز کمرے میں تازہ ہوا بکھیر دیتی ہے۔ گھر بھر میں تازہ ہوا کا بندوبست رکھنے کے لئے یہ فطری ایئر فلٹر بہت کارآمد ہے۔ دونوں موجد جلد ہی اسے تجارتی پیمانے پر تیار کرنے کا پروگرام بنا رہے ہیں۔ یہ آلودہ ماحول سے نپٹنے کا ایک مؤثر اور جدید ترین ہتھیار ہے۔

کینسر توڑ گھریلو مشین

2002ء کے موسم بہار میں نیویارک کے رہائشی، جان کانزیوس پر انکشاف ہوا کہ وہ کینسر کی جان لیوا قسم، سرطان خون (Leukemia) میں مبتلا ہے۔ اس نے اپنا کیمیائی علاج کرایا مگر وہ اسے مطمئن نہ کر سکا بلکہ وہ زیادہ پریشان رہنے لگا۔

جان کئی سال ایک ریڈیو سٹیشن کا مالک رہا تھا۔ وہ جانتا تھا کہ ریڈیائی لہریں برقی مقناطیس میدان (Electromagnetic Field) پیدا کرتی ہیں۔ اگر اس میدان میں لہریں شدید ہوں تو کسی بھی دھات کے الیکٹرون انتہائی تیزی سے گھومتے اور اسے نہایت گرم کر دیتے ہیں۔ جان کو خیال آیا کہ اگر کینسر کی رسولی پر دھاتی ٹکڑے چپکا کر وہاں ریڈیائی لہروں کی مدد سے برقی مقناطیسی میدان پیدا کر دیا جائے تو یقیناً وہ ٹکڑے انتہائی گرم ہو کر رسولی جلا ڈالیں گے۔

اگرچہ کینسر کی رسولی کو براہ راست نشانہ بنانے کا یہ خیال نیا نہ تھا۔ 2002ء کے اوائل ہی میں امریکی سائنسدانوں نے جانوروں میں کینسر کی رسولیوں پر سونے سے بنے انتہائی چھوٹے (نیٹو) ٹکڑے رکھے اور پھر انہیں انفرا ریڈ شعاعوں سے نشانہ بنایا۔ یہ تجربہ کامیاب رہا۔ لیکن انفرا ریڈ شعاعیں انہی رسولیوں کے لئے کارآمد ہیں جو سطح کے قریب ہوں، مثلاً حلق کی رسولی۔ تاہم ریڈیائی لہریں جلد کی گہرائی میں اتر کر جگر یا پھیپھڑوں کی رسولیوں تک پہنچنے کی صلاحیت رکھتی ہیں۔ لہٰذا ان کی اہمیت زیادہ ہے۔ مگر مسئلہ یہ ہے کہ ریڈیائی لہریں دوران سفر چاروں طرف اپنی توانائی بکھیرتی رہتی ہیں۔ یوں جب منزل تک پہنچیں تو ان میں توانائی بہت کم بچتی ہے۔ جان کے سامنے چیلنج یہ تھا کہ انتہائی طاقتور ریڈیائی لہروں کو کیسے چھوٹے سے علاقے میں مرتکز کر دیا جائے تاکہ برقی مقناطیس میدان وجود میں آسکے؟

